© rasailojaraid.com



مردم ساز شخصیت تھے، اس لیے آپ نے کتابیں نہیں لکھیں سوائے چند یادداشتوں اور رسالوں کے۔ حقیقت یہ ہے کہ امام البنا کا علمی ورثہ ہزار ہا صفحات پر مشتمل ہے۔ یہ وہ مضامین ہیں جو رشید رضا کے رسالے المنار، محبّ الدین الخطیب کے مجلّے الفتح، مجلہ اخوان المسلمون، النذیر، الاعتصام اور الشہاب نامی رسائل میں شائع ہوتے رہے۔ اس علمی ورثے کو یک جا کرنے، مرتب کرنے اور دیگر زبانوں میں ترجمہ کر کے پھیلانے کی ضرورت ہے۔ یہ جہاں امام البنا کے افکار کو عام کرنے کا ذریعہ ہوگا وہاں اسلامی تحریک کے لیے مفید فکری رہنمائی کا سامان بھی ہوگا۔

افکارِ رمضان رمضان کے موضوع پر امام البنا کے مضامین کا اُردو ترجمہ ہے جنھیں خواطر رمضانیہ کے نام سے مصر میں عربی میں شائع کیا گیا تھا۔ امام البنا کے ان مضامین میں رمضان المبارک کے مختلف پہلوؤں کو ایک منفرد انداز میں پیش کیا گیا ہے۔ یہ جہاں تزکیۂ نفس کا سامان ہے وہاں قرآن سے حقیقی تعلّق اور رمضان کے عملی تقاضوں کے لیے رہنمائی بھی ہے۔ روزہ شکنی کے مرتکب اور ماہِ صیام سے غفلت برتنے والوں کے لیے شفقت بھرا پیغام ہے۔ عصرحاضر کے مسائل اور رمضان اور دیگر متفرق موضوعات زیربحث آئے ہیں۔ 'فقہ صیام' کے تحت روزے کے مختلف مسائل اور ان کی حکمتیں بھی بیان کردی گئی ہیں۔ امام البنا نے اُمت کو پوری دل سوزی سے اس طرف متوجہ کیا ہے کہ ماہِ رمضان کا خیرمقدم رب سے تعلّق کو مضبوط کر کے اور اللہ سے اپنے کیے گئے عہدو پیمان کی تجدید سے کرے۔ یہ جہاں حصولِ تقویٰ کا ذریعہ ہوگا وہاں اُمت کے مصائب کے خاتمے اور سربلندی کا سبب بھی بنے گا۔ البدر پبلی کیشنز اس مفید کاوش پر مبارک باد کا مستحق ہے۔ (عمران ظہور غازی)

*Living in Allah's Presence* [اللہ کو حاضر و ناظر مانتے ہوئے زندگی گزارنا]، عبدالرشید صدیقی۔ ناشر: اسلامک فاؤنڈیشن، لسٹر (برطانیہ)، تقسیم کار: Kube پبلشنگ لمیٹڈ۔ فون: ۲۴۹۲۳۰-۱۵۳۰-۰۰۴۴۔ ای-میل: info@kubepublishing.com

اسلامک فاؤنڈیشن لسٹر کے رفیق عبدالرشید صدیقی نے اس سے پہلے *Lift up Your Hearts!* کے نام سے دو جلدوں میں جمعہ کے ۵۲ خطبات پیش کیے ہیں۔ وہ تین عشروں سے، پہلے یونی ورسٹی آف لسٹر کی مسجد میں اور وہاں سے ریٹائر ہو کر اب اسلامک فاؤنڈیشن لسٹر کی مسجد میں

© rasailojaraid.com